This Question Paper consists of 42 questions and 12 printed pages.

اس سوال نامے میں کل 42 سوالات اور 12 چھپے صفحات ہیں۔

Roll No.
رول نمبر (ہندسوں میں) | | | | | | | | | | | | |

Code No. 68/S/O/U
کوڈ نمبر

SET/سیٹ – A

# URDU
# (اردو)
# (206)

رول نمبر (الفاظ میں) ____________________

امتحان کی تاریخ اور دن ____________________

نگراں امتحان کے دستخط .1 ____________________

.2 ____________________

**ہدایات :**

.1 طالب علم کو سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

.2 مہربانی کرکے اپنے سوال نامے کو جانچ لیجیے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجیے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

.3 طالب علم کو (A)، (B)، (C) اور (D) میں سے **کوئی ایک** جواب منتخب کرنا ہے اور الگ سے دیئے گئے جواب نامے میں صحیح جواب لکھنا ہے۔

.4 معروضی سوالات کے ساتھ ساتھ سبھی سوالات کے جواب دیئے گئے وقت کے اندر دینے ہیں۔ معروضی سوالات کے لیے الگ سے وقت نہیں دیا جائے گا۔

.5 طالب علم جوابی کاپی میں رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا اور کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اُسے امتحان سے خارج کردیا جائے گا۔

.6 اپنی جوابی کاپی پر سوال نامے کے کوڈ نمبر 68/S/O/U, Set - A کو لکھیے۔



Unnati Educations
For Solutions, Contact Us
9899436384,9654279279

# URDU

## (اردو)

## (206)

وقت : 3 گھنٹے | کل نمبر : 100

---

نوٹ :

(i) یہ سوال نامہ مجموعی طور پر 42 سوالات پر مشتمل ہے۔

(ii) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کے سامنے نمبر دیے گئے ہیں۔

(iv) سوال نمبر 1 سے 20 تک MCQ سوالات ہیں اور ہر سوال کے لیے ایک (1) نمبر مختص کیا گیا ہے۔ آپ سب سے موزوں آپشن کو چن کر لکھئے۔

(v) سوال نمبر 21 سے 25 تک مختصر تر (Objective type) سوالات ہیں، جن میں 3 نمبروں کے دو، 7 نمبروں کے دو اور 10 نمبر کا ایک سوال ہے ہدایت کے مطابق سوالات کے جواب دیجیے۔

(vi) سوال نمبر 26 سے 42 تک وضاحتی سوالات پوچھے گئے ہیں، جن میں کچھ متبادل سوالات بھی شامل ہیں۔ دی گئی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے سوالات کے صحیح جوابات دیجیے۔



Unnati Educations
For Solutions, Contact Us
9899436384,9654279279

.1 دلہن کون تھی؟ 1

(A) بوڑھے کی بیٹی (B) بوڑھے کی بہو

(C) بوڑھے کی بیوی (D) ہمیشہ زندہ رہنے والی نیکی

.2 امینہ کی پریشانی کا سبب کیا تھا؟ 1

(A) وہ بہت بیمار تھی

(B) حامد بہت شرارت کیا کرتا تھا

(C) وہ اپنے پڑوسیوں سے نالاں تھی

(D) اس کے پاس عید منانے کے لیے پیسے نہیں تھے

.3 غالبؔ کے مشہور شعر ''ادائے خاص سے غالبؔ ہوا نکتہ سرا'' کا دوسرا مصرعہ کون سا ہے؟ 1

(A) صدائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لیے

(B) صدائے عام کے لیے ہے یارانِ نکتہ داں

(C) یارانِ نکتہ داں کے لیے صدائے عام ہے

(D) صدائے عام ہے نکتہ دانِ یاراں کے لیے

.4 شعر مکمل کیجئے۔ 1

ع۔ ''سندری تو ہریالی تو ہے''

(A) دھانی آنچل والی تو ہے (B) نیلی ساڑی والی تو ہے

(C) سفید کپڑوں والی تو ہے (D) رنگین آنچل والی تو ہے



Unnati Educations
For Solutions, Contact Us
9899436384,9654279279

5. مضمون کے بارے میں کون سا قول درست ہے؟ 1

(A) مضمون کے لیے موضوع کی کوئی قید نہیں ہے۔

(B) مضمون مختصر بھی ہوسکتا ہے۔

(C) مضمون طویل بھی ہوسکتا ہے

(D) سبھی قول درست ہیں۔

6. آپ کے کورس میں مضمون کی کتنی قسموں کا ذکر ملتا ہے؟ 1

(A) چار (B) دو

(C) تین (D) پانچ

7. مضمون نویسی کو آسان بنانے کے لیے اسے کتنے اجزاء میں تقسیم کیا گیا ہے؟ 1

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) چھ

8. 'ماس میڈیا' کن دو لفظوں سے مل کر بنا؟ 1

(A) موسم اور آئیڈیا (B) ماس اور میڈیا

(C) ماس اور انڈیا (D) ان میں سے کوئی نہیں۔

9. ماس میڈیا میں ترسیل کی اہمیت 1

(A) بنیادی ہے (B) سطحی ہے

(C) ضمنی ہے (D) بالکل سطحی ہے۔



Unnati Educations
For Solutions, Contact Us
9899436384,9654279279

.10 کاغذ کی ایجاد کے ساتھ چھپائی کی شروعات کہاں ہوئی؟ 1

(A) چین میں (B) جاپان میں

(C) امریکہ میں (D) روم میں

.11 ............... کہانیوں کا ایک ایسا دلچسپ مجموعہ ہے جس کا ترجمہ دنیا کی بیشتر زبانوں میں ہو چکا ہے۔ 1

(A) باغ و بہار (B) فسانۂ عجائب

(C) فسانۂ آزاد (D) پنچ تنتر

.12 ''عقل کے دشمن'' کا ماخذ ہے۔ 1

(A) رانی کیتکی کی کہانی (B) پنچ تنتر

(C) طلسم ہوش رُبا (D) باغ و بہار

.13 ''عقل کے دشمن'' کیا ہے؟ 1

(A) افسانہ (B) جدید افسانہ

(C) لوک کہانی (D) ناول

.14 ''وِدیا'' کے معنی 1

(A) علم (B) عقل

(C) ہنر (D) ذہانت



Unnati Educations
For Solutions, Contact Us
9899436384,9654279279

15. ''وِدیا'' کس زبان کا لفظ ہے؟ 1

(A) اردو (B) ہندی

(C) فارسی (D) انگریزی

16. چوتھا وِدوان تو نہیں تھا لیکن ...... 1

(A) عقل رکھتا تھا (B) ہمت رکھتا تھا

(C) طاقت رکھتا تھا (D) صورت رکھتا تھا

17. ''دوہا'' کیا ہے؟ 1

(A) فارسی شاعری کی ایک صنف (B) انگریزی شاعری کی ایک صنف

(C) ہندی شاعری کی ایک صنف (D) عربی شاعری کی ایک صنف

18. ''دوہا'' میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟ 1

(A) تین (B) دو

(C) چار (D) چھ

19. ''ایک سوال'' کیا ہے؟ 1

(A) افسانہ (B) ڈرامہ

(C) انشائیہ (D) خاکہ

20. ''ایک سوال'' کی مصنّفہ کون ہے؟ 1

(A) عصمت چغتائی (B) قرۃ العین حیدر

(C) صالحہ عابد حسین (D) جمیلہ بانو



Unnati Educations
For Solutions, Contact Us
9899436384,9654279279

21. درج ذیل شعر سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3

میرؔ ان نیم باز آنکھوں میں
ساری مستی شراب کی سی ہے

(i) مقطع کی تعریف لکھیے 1

(ii) 'نیم باز آنکھوں' سے کیا مراد ہے؟ 1

(iii) تشبیہ کی تعریف لکھیے۔ 1

22. درج ذیل شعر سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 3

کوئی امید بر نہیں آتی
کوئی صورت نظر نہیں آتی

(i) مطلع کی تعریف لکھیے 1

(ii) 'امید بر آنا' کا مطلب کیا ہے؟ 1

(iii) اس شعر کا قافیہ کیا ہے؟ 1

23. درج ذیل شعری اقتباس پر مبنی سوالوں کے جواب دیجیے۔ 7

وہ سنسان جنگل، وہ نورِ قمر
وہ براق سا ہر طرف دشت و در
وہ اُجلا سا میداں چمکتی سی ریت
لگا نور سا چاند تاروں کا کھیت
درختوں کے پتے چمکتے ہوئے
خس و خار سارے جھمکتے ہوئے
درختوں کے سائے سے مہ کا ظہور
گرے جیسے چھن چھن کے چھلنی سے نور



Unnati Educations
For Solutions, Contact Us
9899436384,9654279279

(i) یہ شعری اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ 1

(ii) یہ شعری اقتباس کس شاعر کا کلام ہے ؟ 1

(iii) اس شعری اقتباس میں کس کی منظرکشی کی گئی ہے؟ 1

(iv) ''دشت و در'' میں حرف واؤ (و) کیا کہلائے گا؟ 1

(v) 'براق' کے معنی لکھیے۔ 1

(vi) ''دشت و در'' میں حرف (و) کے معنی کیا ہیں؟ 1

(vii) حسنِ تعلیل کی تعریف لکھیے۔ 1

**24.** درج ذیل بند پر مبنی سوالوں کے جواب دیجیے۔ 7

''یاں آدمی پہ جان کو وارے ہے آدمی
اور آدمی ہی تیغ سے مارے ہے آدمی
پگڑی بھی آدمی کی اتارے ہے آدمی
چلا کے آدمی کو پکارے ہے آدمی
اور سن کے دوڑتا ہے، سو ہے وہ بھی آدمی

(i) یہ بند کس نظم سے لیا گیا ہے؟ 1

(ii) اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟ 1

(iii) 'یاں' کس لفظ کا مخفف ہے؟ 1

(iv) 'جان وارنا' کیا ہے؟ 1

(v) ''پگڑی اتارنا'' کا مطلب کیا ہے؟ 1

(vi) اس بند میں آدمی کے کون کون سے روپ بیان کیے گئے ہیں؟ 1

(vii) مخمّس کی تعریف لکھیے۔ 1



Unnati Educations
For Solutions, Contact Us
9899436384,9654279279

25. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ 10

(i) 'اخبار بینی' کا مفہوم کیا ہے؟ 1

(ii) 'عقل سے کورے' کیا ہے؟ 1

(iii) صنف ادب کے اعتبار سے سبق ''سنت کبیر'' کیا ہے؟ 1

(iv) حسنِ مطلع کی تعریف لکھیے۔ 1

(v) مضمون نویسی کی قسمیں بتائیے۔ 1

(vi) مضمون کے اجزائے ترکیبی بتائیے۔ 1

(vii) خطوط کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟ 1

(viii) ذاتی خط سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ 1

(ix) 'ماس میڈیا' سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ 1

(x) 'ماس میڈیا' کا مقبول ترین ذریعہ کون سا ہے؟ 1

26. مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 6

''کمیونی کیشن کا مقصد صرف اپنی بات، خیال یا پیغام وغیرہ کو بھیجنا ہی نہیں بلکہ اس کا پہنچنا، موصول ہونا اور سمجھ میں آنا بھی ضروری ہے جہاں بات پہنچ نہ سکے وہاں ترسیل نہیں ہوگی اور جب ترسیل نہیں ہوگی تو بھیجنا بے کار ہے۔ یعنی ترسیل اور کمیونی کیشن کے لیے صرف بھیجنے والا 'مرسل' (Sender) ہی نہیں۔ وصول کرنے والا۔ مرسل الیہ (Receiver) بھی ضروری ہے۔ اس لیے عام طور پر ترسیل کے تین بنیادی اجزا ہوتے ہیں۔ بھیجنے والا (Sender)، موصول کرنے والا (Receiver) اور پیغام، بات، معلومات، خبر (Message) ان تینوں کو ایک لڑی میں پرونا اور ملانا ہی میڈیا یعنی کمیونی کیشن کہلاتا ہے۔''



Unnati Educations
For Solutions, Contact Us
9899436384,9654279279

(i) یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے اور اس کا موضوع کیا ہے؟ 2

(ii) ترسیل کے بنیادی اجزاء کون کون سے ہیں؟ 2

(iii) کمیونی کیشن کیا ہے؟ 1

(iv) کمیونی کیشن کا مقصد کیا ہے؟ 1

27. تجارتی خط سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ تجارتی خط کا ایک نمونہ پیش کیجیے۔ 6

28. درج ذیل شعری اقتباس / اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 4

زندگی جیسی توقع تھی، نہیں کچھ کم ہے
ہر گھڑی ہوتا ہے احساس کہیں کچھ کم ہے

گھر کی تعمیر تصور ہی میں ہوسکتی ہے
اپنے نقشے کے مطابق یہ زمیں کچھ کم ہے

یا

دیوتاؤں کی رشیوں کی یہ سرزمیں
ذرّہ ذرّہ تیری خاک کا ہے حسیں
چومتا ہے قمر روز تیری جبیں
تیرے جلوے نہ ہوں کس لیے دلنشیں
تیرے ذرّے ہیں خورشید کی ہے کرن
میرے ہندوستاں میرے پیارے وطن



Unnati Educations
For Solutions, Contact Us
9899436384,9654279279

29. نظم ''آدمی نامہ'' میں شاعر نے آدمی کے کن کن پہلوؤں کی طرف توجہ دلائی ہے؟ 4

یا

گھٹاؤں کے ہن برسانے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

30. نظم ''آدمی آرزو'' کا مرکزی خیال لکھئے۔ 4

31. دور دراز کے علاقوں کے لیے ریڈیو کی اہمیت کیوں ہے؟ 4

یا

بلاک اسلوب اور نصف بلاک اسلوب کا فرق واضح کیجیے۔

32. سرسید نے قوم کے نوجوانوں کو کیا پیغام دیا تھا؟ 2

33. پریم چند کے اندازِ بیان پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔ 2

34. سہل ممتنع کی تعریف لکھیے۔ 2

35. مرکب الفاظ کسے کہتے ہیں؟ 2

36. صالحہ عابد حسین کا اردو کے کن ادیبوں سے کیا رشتہ تھا؟ 2

37. کہانی ''عقل کے دشمن'' سے کیا نصیحت ملتی ہے؟ 2



Unnati Educations
For Solutions, Contact Us
9899436384,9654279279

38. افسانہ ''ایک سوال'' کے مرکزی کردار پر چار جملے لکھیے۔ 2

39. ''دوہا'' کے بارے میں اپنی معلومات لکھیے۔ 2

40. میر تقی میر کے اندازِ بیان پر چند جملے لکھیے۔ 2

41. جوگن کون تھی؟ اور وہ جنگل میں کیوں گئی تھی؟ 2

42. جنگ کے کیا کیا نقصانات ہیں؟ 2



Unnati Educations
For Solutions, Contact Us
9899436384,9654279279